قائم شدہ جون 2006ء

رجسٹریشن نمبر (88/2021)

# سالانہ کارکردگی رپورٹ

# تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل و چیاریٹیبل ٹرسٹ (نظام آباد)

## یکم اپریل 2021ء تا مارچ 2022ء

www.tahaffuz-khatmenubuwwat-nzb.com

YouTube tahaffuz khatme nubuwwat nzb

mtknsnzb1@gmail.com

تیار کردہ : دفتر تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، ضلع نظام آباد

# ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد

☆ مکاتبِ قرآنیہ کا قیام: مسلمان بچوں کو قرآن مجید اور دین کی بنیادی تعلیم سے آراستہ کرنا۔

☆ مساجد کو اذانوں و نمازوں سے آباد رکھنے کیلئے اماموں کا تقرر کرنا۔

☆ قادیانیت، عیسائیت، شکیلیت وفیاضیت وغیرہ کی گمراہی سے مسلمانوں کو آگاہ کرنا۔

☆ عام مسلمانوں میں شعور بیداری کے لئے عوامی اجتماعات وجلسوں کا انعقاد کرنا۔

☆ بیوہ، معمرین، معذورین و بے سہارا افراد میں ماہانہ وظائف کی تقسیم کرنا۔

☆ غریب مسلمانوں کو اسلامی عیدوں (رمضان عید الفطر وعید الاضحیٰ) کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے راشن اور گوشت کی تقسیم کرنا۔

## تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد کے ٹرسٹیز


| | | |
|---|---|---|
| صدر : | حضرت مفتی سعید اکبر صاحب | 9533175154 |
| نائب صدر : | مولانا سید عماد الدین احمد صاحب | 9010681935 |
| جنرل سکریڑی : | مولانا شجاع الرحمٰن طلحہ صاحب | 7842246027 |
| جوائنٹ سکریڑی : | مفتی عبد المعز شامزی صاحب | 9966321500 |
| خازن : | حافظ مجیب احمد خان صاحب | 9550152211 |
| ☆ | مولانا شاہد علی صاحب (نرمل) | 9490561678 |
| ☆ | مولانا سید اکرام الدین احمد صاحب (آرمور) | 9951999982 |

# سالانہ کارکردگی رپورٹ تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیاریٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد

## یکم اپریل 2021ء تا مارچ 2022ء

۱) **مکاتب کی کارکردگی رپوٹ** : تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام 350 دیہاتوں میں اُمت کے 8000 (آٹھ ہزار) نونہالوں کے لئے تعلیم وتربیت کانظم کیا جاتا ہے۔جس میں بچوں کونورانی قاعدہ، ناظرہ قرآن، دینیات، اسلامی عقائدواخلاق کی تعلیم دی جاتی ہے۔اورنماز کی عملی مشق بھی کروائی جاتی ہے۔اوراس تعلیم کیلئے (368) مُعلّموں کا انتظام کیا گیا ہے۔اوران مُعلّمین کی نگرانی کیلئے (16) ناظرین و صدور متعین ہیں۔ جواس کی ماہانہ واری رپورٹ دفتر کوپہونچاتے ہیں۔

**مکاتبِ قرآنیہ اورانکے سنٹرس ومُعلّمین وناظرین کی تعداداورانکے مشاہرہ جات کی فہرست حسب ذیل ہے۔**

| سلسلہ نمبر | سنٹرکانام | سنٹرس کےصدوروناظرین | کل مکاتب | کل تعداد معلمین | کل تعدادطلبہ وطالبات | مشاہرہ جات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نظام آباد(زون1) | مولاناجابرصاحب | 36 | 36 | 942 | **88,500/-** |
| 2 | نظام آباد(زون2) | حافظ کلیم صاحب | 12 | 12 | 325 | **18,000/-** |
| 3 | نظام آباد(زون3) | مفتی فیض الرحمٰن صاحب | 22 | 22 | 412 | **60,500/-** |
| 4 | بھیمگل | حافظ جلال الدین صاحب | 16 | 16 | 210 | **37,000/-** |
| 5 | کاماریڈی | حافظ فہیم الدین صاحب | 10 | 10 | 178 | **36,200/-** |
| 6 | بانسواڑہ | مولانانوازصاحب | 32 | 32 | 616 | **81,000/-** |
| 7 | بچکندہ | مفتی محبوب صاحب | 37 | 37 | 958 | **30,500/-** |
| 8 | مٹ پلی | مفتی عبدالمعزصاحب | 22 | 22 | 388 | **41,000/-** |
| 9 | شیونی | مولانامحمودصاحب | 50 | 50 | 360 | **31,800/-** |
| 10 | جیوتی | مولانامنیرالدین صاحب | 10 | 10 | 137 | **56,100/-** |
| 11 | بودھن | مفتی جابرصاحب | 68 | 68 | 1500 | --- |
| 12 | آرمور | مولاناسیداکرام الدین صاحب | 28 | 28 | 448 | **7000/-** |
| 13 | بھینسہ | حافظ عبداللطیف صاحب | 40 | 40 | 840 | **8000/-** |
| 14 | اٹنوروجنّارام | مولاناسلیم الدین صاحب | 9 | 9 | 180 | **15,000/-** |
| 15 | راجم پیٹ | مفتی عرفان صاحب | 5 | 5 | 110 | **10,000/-** |
| 16 | نندی پیٹ | مفتی فیاض صاحب | 22 | 22 | 230 | **37,000/-** |
| | | جملہ | **407** | **368** | **7,446** | **5,57,600** |

**☆کل تعدادمکاتب (407) ☆کل معلمین (368) ☆کل طلبہ وطالبات (7446) ☆جملہ تنخواہیں (5,57,600)**

**سالانہ مسابقہ قرآن کریم** : 5/ڈسمبر 2021ء کوشہر نظام آباد میں سالانہ مسابقہ منعقد ہوا۔ جسمیں کل مکاتب قرآنیہ کے 17 منڈلوں 26 دیہاتوں سے 46 طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ ماشاللہ ہر سنٹر کے طالب علم نے اچھا تعلیمی مظاہرہ پیش کیا۔ اس مسابقہ میں ایک ایسا بھی طالب علم شریک تھا۔ جسکا علاقہ مکمل طور پر قادیانیت سے متاثر تھا۔ اور کئی بستیاں قادیانی فتنے کی زد میں تھیں۔ ایسے بے دینی کے ماحول سے متاثرہ علاقے کے طالب علم نے درجہ سوم سے کامیابی حاصل کی۔ اوراسے انعام وسند سے نوازا گیا۔ یقیناً یہ کرم الٰہی اور دفتر کی دل سوز محنتوں کا نتیجہ ہے۔ **فللّٰہ الحمد حمداً کثیراً والصّلاۃ السّلام علی نبیه دائماً ابداً۔**

## سالانہ مسابقہ کی اجمالی رپورٹ

| سلسلہ نمبر | شریک مسابقہ طلبہ وطالبات کی کل تعداد | (46) | انعامات | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انعامی یافتگان طلبہ وطالبات | (6) | 4800/- روپیئے | اول، دوم، سوم |
| 2 | ترغیبی انعام | (40) | 3000/- | فی طالب علم (75) روپیئے |
| | | جملہ انعام | **7,800/-** | |

اس کے علاوہ دفتر ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ کے معاونین نے بھی اپنی طرف سے برسرے موقع ان تمام طلبہ وطالبات کو نقد رقومات اور کاپی قلم وغیرہ بھی عنایت کیئے۔

**ادارہ دارالصالحات وسلائی سنٹر کاقیام** : لڑکیوں کوانگریزی وعصری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی واخلاقی اور فنی تعلیم وتربیت سے آراستہ کرنا یہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تاکہ دین ودنیا کی فلاح و بہبود حاصل ہو۔ اور پورے خاندان میں دینی واسلامی ماحول پیدا ہو۔ اسی مقصد کیلیئے ادارہ دارالصالحات 2018ء میں قائم ہوا۔ جس کے تحت 3 شعبہ رکھے گئے۔ (۱) **دوسالہ مؤمنہ کورس**:۔ اس کورس میں ہائی اسکول اور کالجوں میں پڑھی ہوئی لڑکیوں کو تجوید کے ساتھ قرآن مجید، سیرت طیبہ، شرعی مسائل، قرآن فہمی اور اخلاقی تربیت پر مشتمل کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔ (۲) شعبۂ عصری ودینی تعلیم :۔ اس میں چھوٹی لڑکیوں کو صبح کے وقت قرآن ودینیات کی تعلیم اور دوپہر کے وقت عصری تعلیم (انگریزی، تلگو، حساب وغیرہ) کی تعلیم میں دی جاتی ہے۔ اوراسی دینی وعصری تعلیم کو منظّم انداز میں پڑھانے کے لئے ماہر ٹیچرس کا تقرر کیا گیا ہے۔ جو ہر سبجکٹ کو پیریڈ وائس پڑھاتے ہیں۔ اس کے انچارج مولانا شجاع الرحمٰن طلحہ صاحب ہیں۔ (۳) شعبہ سلائی سنٹر:۔ دیہاتوں اور شہر کے سلم محلوں کی عورتوں کو ہنر سکھانے اور انھیں ہنر مند بنانے کے لئے سلائی سنٹر قائم کئے گئے۔ جس سے اب تک سو سے زائد خواتین اس فن میں کمال حاصل کیں۔ اور دفتر کی جانب سے انھیں سند اور بعض کو بطور انعام سلائی مشین بھی دی گئی۔ فی الحال یہ سرگرمی ادارہ دارالصالحات کے سپرد کی گئی۔ تاکہ مستورات حصول تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر مند بھی بنیں۔

**اس ادارہ کی کل معلمین ومعلمات کی تعداد 6 ہے۔ جسکا ماہانہ خرچ -/32000 روپیئے ہے۔**

**شعبہ تعمیر امت** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے جہاں دیگر اقوام کیساتھ تعلقات کو استوار رکھنے کی سرگرمیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔ اسی طرح مسلم نوجوانون کو بے راہ روی، لاأبالی، ولاپرواہی کی زندگی سے اُونچے مقاصد اوراعلیٰ صفات کے حصول کے جذبے کے ساتھ

زندگی گذارنے اور ملک وملت کے لئے بافیض وسودمند بننے کے لئےتعمیر امت کے نام ہفتہ واری کلاسس چلائی جاتی ہیں۔جسمیں دینی و اخلاقی لکچرس کے ساتھ اس کو باہمی ملاقاتوں اور یاددہانیوں کے ذریعہ سے ریہرسل بھی کروائی جاتی ہے۔الحمدللہ اس سے کئی نوجوان احباب وعلماء کرام وابستہ ہیں۔اوراس کی ترقی وعملی مشق کی فکریں جاری وساری ہے۔

**لائبریری کاقیام** : عوام میں علمی تشنگی کی سیرابی اور علمی مزاج کی بقاء کے لئے''امام المحدیثین'' کے نام ایک لائبریری کے نظم وضبط اورنگران کاتقرراورتنخواہ کی فراہمی دفتر کی جانب سے کی جاتی ہے۔یہ لائبریری شہرمیں احمد پورہ کالونی میں واقع ہے۔

**قرآنی نسخے ،ہینڈبلس اور لٹریچرس و بکس کی تقسیم** : بعض دیہاتوں میں دینی تعلیم سے دوری یا غریبی کی بناء پر مساجد میں قرآن کریم کے کتابی نسخےنہیں ہو پاتے۔جس کی وجہ سے نہ توان بڑوں کوتلاوت قرآن کاشوق ہوتا ہے۔اور نہ ہی انکے بچوں کوتعلیم دلانے کاشوق ہوتا ہے۔لہذا! اس کمی کے ازالہ کیلئے اور کچھ نہ کچھ دینی وقرآنی تعلیم کی آسانی کیلئے دفتر کی جانب سے صرف مُعلّم کاانتظام کیا جاتا ہے۔بلکہ مفت قرآنی نسخے بھی فراہم کئے جاتے ہیں۔اوراسی طرح معلمین کرام کومختلف عنوانات کےتحت وقتاًفوقتاًلٹریچرس،اورہنڈبلس بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔تاکہ وہ اپنے دیہات کےلوگوں میں اس کی تعلیم کریں۔اوراسے رواج دیں۔

**معمرین و معذورین و بیوہ گان کی ماھا نہ امداد** : ٹرسٹ ہذاکےذریعہ سےجس طرح ایجوکیشنل سسٹم کو آگے بڑھانے اورتعلیم وہنرکی سرگرمیوں کے بارے میں فکرکیجاتی ہے۔اسی طرح کئی رفاہی وفلاحی خدمات بھی انجام دی جاتی ہیں۔جسمیں معمرین ومعذورین وبیوہ گان میں ماہانہ وظائف کی تقسیم ہےاور ہر ماہ 300 روپیئے کی مدد سے (174) افرادکووظیفہ دیا جاتا ہے۔جسکا ماہانہ خرچ تقریباًباون ہزار(52,200)روپیئے ہے۔

## معمرین ومعذورین وبیوگان کی فہرست

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | تعدادمعذورین وبیوہ گان | ماہانہ وظیفہ کی رقم |
|---|---|---|---|
| 1 | نظام آباد | 27 | 8,100/- |
| 2 | آرمور | 27 | 8,100/- |
| 3 | بانسواڑہ | 43 | 12,900/- |
| 4 | مٹ پلی | 61 | 18,300/- |
| 5 | جتّارام | 16 | 4,800/- |
| | | جملہ = **174** | جملہ رقم = **52,200/-** |

**مانو تا پبلک سیوا** : دیہاتی علاقوں میں آپسی اختلاف اورتنازعہ کی کبھی کبھی سخت صورت حال بن جاتی ہے۔اورنتیجہ میں رائی کو پہاڑ بننے میں دیرنہیں لگتی،اورکبھی یہ صورت حال فرقہ وارانہ فسادات کی بھی شکل میں بھی تبدیل ہوجاتی ہے۔لہذا! ان تمام مسائل کی یکسوئی اور بھائی چارگی کے جذبے سے اسکوحل کرنے کی فکروں کیساتھ مانوتا پرجا سیوا کمیٹی کے نام سے ایک کوشش کی گئی ،تاکہ بروقت جوبھی

صورت حال ہو۔اس کی روک تھام اور تدارک فکریں کی جاسکیں۔

**لنگر کا قیام و اہتمام** : اسی طرح اس ملک میں آپسی بھائی چارگی اور قومی یکجہتی کیلئے متعدد بار لنگر کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں ہر کاسٹ وریلجن کے لوگوں نے بھوجن کی تیاری سے لیکر برتنے، کھلانے، پیلانے اور ایک ساتھ مل بیٹھ کر کھانے، کھلانے کی مثال قائم کی گئی ۔تاکہ ہمارے ملک میں اچھی طرح بھائی چارگی وقومی یکجہتی اور ملک کی خوشحالی اور ترقی خوب پھولی پھلے۔

**بلانکٹس کی تقسیم** : سرما کے موسم میں غرباءو مستحق افراد میں کمبل و بلانکٹس تقسیم کی جاتی ہے۔اس سال مستحق افراد میں تقریباً (100) سے زائد بلانکٹس تقسیم کی گئیں۔

**رمضا ن المبا رک میں راشن پیاکیجس اور عید فوڈ پیاکٹس کی تقسیم** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے رمضان المبارک کے موقع پر دیہات اور شہر کے سلم محلوں میں غریب مسلم افراد میں رمضان کے موقع پر افطاری اور راشن تقسیم کیا جاتا ہے۔تاکہ ان میں ماہ مقدس کی مناسبت سے روزہ رکھنے کا شعور اور شوق پیدا ہو۔اور وہ بھی اس ماہ مبارک کی سعادتوں و برکتوں سے مستفیض ہوں۔اور اسی طرح عید الفطر کے موقعہ پر عید فوڈ پیاکٹس بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔جن کا اجمالی خاکہ حسب ذیل ہے۔

## راشن وعید الفطر پیاکج کی تقسیم کی اجمالی فہرست

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | تعداد افراد | سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | تعداد افراد |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آرمور | 20 | 9 | آشٹہ | 20 |
| 2 | بھیمگل | 42 | 10 | نندی پیٹ | 35 |
| 3 | مدک پلی | 40 | 11 | پوش پور | 20 |
| 4 | نوی پیٹ | | 12 | مٹ پلی | 50 |
| 5 | شیونی | | 13 | کنجر | 30 |
| 6 | بانسواڑہ | 40 | 14 | | |
| 7 | کاماریڈی | 40 | 15 | | |
| 8 | پوتنگل | 20 | 16 | | |

**عید الاضحی کے موقع پر غرباء میں گوشت کی تقسیم** : عیدالاضحیٰ کے اس مبارک وخوشی کے موقع پر دیہاتوں کے غریب مسلمان بھائیوں میں گوشت کی تقسیم عمل میں لائی جاتی ہے۔تاکہ ان کی دلجوئی ودل داری ہوسکے۔اوروہ بھی اس عید کی خوشیوں میں شامل ہوسکے۔جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

## 5 سنٹرس کے 11 منڈلوں میں گوشت کی تقسیم

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | پیاکٹس کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | نظام آباد زون | 455 |
| 2 | آرمور | 477 |
| 3 | مٹ پلی | 173 |
| 4 | بھیمگل | 392 |
| 5 | جینور | 190 |
| | جملہ | **2079** |